# سایتاما پریفکچر میں آٹوموبائلز کو رکھنے کا قانون و قاعدہ

# Regulation to maintain proper handling of automobiles at yards in Saitama Prefecture

یکم جولائی 2020 سے نفاذ عمل

## قانون بنانے کا مقصد

موجودہ حالات کے پیش نظر، آٹوموبائلز کی چوری، غیر قانونی یا رجسٹریشن ، کی روک تھام کیلئے یہ قانون بنایا گیا ہے۔ تاکہ سایتاما پریفکچر میں موجود یارڈ قانونی طریقے سے کام کر سکیں۔ اور لوگوں کی زندگی کوآسان بنایا جا سکے۔

## یارڈ کیا ہے؟

ایسی عمارت یا جگہ جس میں آٹوموبائلز اصل یا اسکریپ کی شکل میں موجود ہوں یا رکھی جائیں اور یہ عمارت دیوار، جنگلے اور باڑ سے محفوظ کی گئی ہو۔ غیر متعلقہ افراد کا بغیراجازت داخلہ ممنوع ہو۔



درج ذیل مثالیں



پرزہ جات اور انجن



آٹوموبائل کو اسکریپ کرنے یا رکھنے



سائیکل کو اسکریپ کرنے یا رکھنے



موٹل سائیکل کو اسکریپ کرنے یا رکھنے

埼玉県警察
Saitama Prefectural Police

## 1 * چیزیں جس پر قانون لاگو

آٹوموبائلز یا پرزہ جات[*2]، موٹل سائیکل، الیکٹرک سائیکل اور سائیکل۔

* 1 وہ تمام چیزیں جن پر سایتاما پریفیکچرل پبلک سیفٹی کمیشن کا قانون لاگو ہوتا ہے۔
* 2 کار کے پرزہ جات [انجن، ٹرانسمیشن، سسپنشن سسٹم وعیرہ]

## اعمال جن پر قانون لاگو ہوتی ہے

آٹوموبائلز کا کاروبار [اسکریپ ،برآمد کرنے کا مقصد ] سب وہ اعمل ہیں جن پر قانون لاگو ہوتا ہے۔

- اس کا اطلاق نیچے دیئے گئے صارفین پرنہیں ہوتا۔

ڈائریکٹر آف ڈیسٹرکٹ ٹرانسپورٹ بیورو کی طرف سے ان تمام آٹوموبائل آپریٹرز کو مرمت اور اسکریپ کرنے کی اجازت دی گئی ہو۔

وہ سائیکل جو میونسپلٹی کی طرف سے اٹھائی گئی ہو۔

## رجسٹریشن

کسی بھی آٹوموبائل بزنس کو شروع کرنے سے پہلے سایتاما پریفیکچرل پبلک سیفٹی کمیشن سے اجازت لینا لازمی ہے۔
جب یہ قانون لگایا جائے گا، اگر کوئی شخص پہلے سے کسی بھی یارڈ میں آٹوموبائلز کا کام کررہا ہے تو اسے سایتاما پریفیکچرل پبلک سیفٹی کمیشن میں 30 ستمبر 2020 تک اندراج کروانا لازم ہو گا۔

- "ریسائیکل اینڈ آف لائف وہیکل" کے قانون کے مطابق، کولیکشن آپریٹر، فلوروکاربن آپریٹر، اسکریپ اور شریڈر، اس سے مستثنیٰ' ہیں۔
- کوئی بھی ایسا شخص جو آٹوموبائلز کا کام کرنا چاہتا ہے اسے رجسٹریشن فورم پر آپریٹر کا پتہ، یارڈ کا پتہ، رقبہ وغیرہ اور عمارت کے بارے میں لکھنا ہے۔
- اگر یارڈ کی رجسٹریشن میں کسی قسم کی تبدیلی یا آپریٹر کی منسوخی یا آٹوموبائل بزنس میں تبدیلی ہو تو سایتاما پریفیکچرل پبلک سیفٹی کمیشن کو مطلاع کرنا ضروری ہے۔
- پولیس کا "کمیونٹی سیفٹی سکشن" جس علاقے میں یارڈ واقع ہو تو رجسٹریشن کا پابند ہے۔

[ رجسٹریشن کے متعاق رجسٹریشن میں تبدیلی، کاروبار کو منسوخ یا جاری نہ رکھنے کے لئے آن لائن درخواست دینے کا عمل جلد شروع کیا جائے گا۔]

## سزا

- اگر کوئی شخص کی یارڈ میں آٹوموبائلز کا کام بغیر رجسٹریشن یا جعلی رجسٹریشن رکھتا ہے تو 3 مہینے قید با مشقت یا 3 لاکھ ین تک جرمانہ!
- اگر کوئی شخص کی بغیر تبدیلی رجسٹریشن یا جعلی رجسٹریشن رکھتا ہے تو 3 لاکھ ین تک جرمانہ!

## لین دین کرنے والوں کی تصدیق

کسی بھی یارڈ کا مالک جو آٹوموبائلز کا کاروبار کرتا ہے جب بھی وہ کسی دوسرے شخص سے آٹوموبائلز کی حریدوفروخت کرے، اسے بیچنے والے شخص کا نام اور پتہ وغیرہ کی تفصیلات لینا ضروری ہے۔

- یارڈ کا مالک کے لئے ضروری ہے کہ بیچنے والے کا نام اور پتہ اس کے اصلی شناختی کارڈ، پاسپورٹ یا ڈرائیونگ لائسنس سے لے۔
- یہ طریقہ کار درج ذیل پر لاگو نہیں ہوتا ہے۔

جب کوئی گاڑی "اینڈ آف لائف" کے طور پر انفارمیشن منیجمنٹ سینٹر کو رپورٹ کی جائے۔
وہ اقدامات جو استعمال شدہ ڈیلرز کی طرف سے بیچنے والے کی شناخت کریں مستثنی' ہیں۔

## کاروبار کے لین دین کا ریکارڈ بنانا وغیرہ

یارڈ کے مالک کے لئے ضروری ہے کہ جب بھی وہ کوئی گاڑی یا آٹوموبائل کا لین دین کرے تو خریدنے اور بیچنے والے کا مکمل ریکارڈ یعنی نام ، پتہ، خریدوفروخت کی تاریخ، چیزوں کی فہرست اور مقدار کم از کم 3 سال تک اپنے پاس رکھیں۔

- یہ طریقہ کار درج ذیل پر لاگو نہیں ہوتا ہے۔

جب انفارمیشن منیجمنٹ سینٹر کو" اینڈ آف لائف وہیکل" کے طور پر معلومات حاصل / دی جائیں۔
وہ کام جو حساب کتاب یا الیکٹرنک ریکارڈ میں ہو وہ اس قانون کے مطابق مستثنی' ہیں۔

### سزا

- کوئی بھی شخص جو کاروبار کا حساب کتاب کا ریکارڈ نہ رکھنے اور حساب کتاب کی غلط معلومات فراہم کرنے مرتکب ہوتا ہے تو 3 ماہ قید با مشقت یا 3 لاکھ ین تک جرمانہ!

## ملازمین کا ریکارڈ

ہر یارڈ پر سب ملازمین کے نام اور پتہ کی فہرست بنا کر محفوظ رکھنا ضروری ہے-

### سزا

- اگر کسی بھی یارڈ کے مالک کے پاس ملازمین کی فہرست اور ضروری معلومات نہ ہو یا جعلی فہرست ہو تو 2 لاکھ ین تک جرمانہ!

## سائن بورڈ لگانا

یارڈ کے مالک کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے یارڈ کا سائن بورڈ جس پر مالک کا نام اور کمپنی کا نام موجود ہو، اور کسی ایسی جگہ پر نصب کرے جہاں سے عام لوگ دیکھ سکیں۔

**سزا**

● اس شق کو توڑنے کی صورت میں1 لاکھ ین تک جرمانہ!

## یارڈ کا معائنہ وغی

اگر ضرورت پیش آئے تو پولیس آفسر یارڈ اور دفاترکا معائنہ، دستاویزات کی جانچ پڑتال اور متعلقہ لوگوں سے سوالات کر سکتے ہیں۔

**سزا**

●کوئی انکار کرنے، رکاوٹ ڈالنے، پوچھے گئے سوالات کے جوابات نہ دینے اورغلط بیانی کرنے پر 3 لاکھ ین تک جرمانہ!

## مستثنی'

قوانین کی فہرست ہے۔

| قوانین | کاروں کی مرمت کرنے والے آپریٹرز ※ 1 | میونسپلٹی کی طرف سے اٹھائی گئی سائیکل | جو اس کاروبار سے منسلک ہے ※ 1 | استعمال شدہ کا کام کانے والا |
|---|---|---|---|---|
| رجسٹریشن [شق نمبر3، دفعہ1] | 2 ※ چھوٹ | 3 ※ چھوٹ | چھوٹ | نفاذ |
| رجسٹریشن میں تبدیلی کی اطلاع [شق نمبر3، دفعہ2 اور3] | | | | |
| لین دین کرنے والوں کی تصدیق[شق نمبر4] | | | جزوی چھوٹ ※ 4 | جزوی چھوٹ ※ 5 |
| چوری کی گئ آٹوموبائل کی اطلاع[شق نمبر5] | | | نفاذ | چھوٹ |
| کاروبار کے لین دین کا ریکارڈ[شق نمبر6] | | | جزوی چھوٹ ※ 4 | جزوی چھوٹ ※ 6 |
| ملازمین کا ریکارڈ[شق نمبر7] | | | نفاذ | نفاذ |
| یارڈ کے باہر سے اندر کا نظارہ [شق نمبر9] | | | | |
| سائن بارڈ لگانا[شق نمبر10] | | | چھوٹ | |
| یارڈ کا معائنہ[شق نمبر11] | | | نفاذ | |

※

1 "کاروں کی مرمت کرنے والے آپریٹرز" کے لئے مقرر کردہ شق 78، دفعہ 4، "روڈ ٹرانسپورٹ وہیکل ایکٹ" اور اس سے ملتے کاروبار کے لئے مقرر کردہ شق 2، دفعہ 17 کا قانون جو "ریسائیکلنگ آف اینڈ آف لائف وہیکل" ہے۔

2 گاڑیوں کو اسکریپ یا رکھنے کے لئے خاص طریقہ کار جو برآمد کرنے، ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنے والے مستثنی' ہیں لیکن یہ قانون دوسری قسم کی اسکریپ یا رکھنے کے طور پر ہے۔

3 سائیکلوں کی ذخیرہ اندوزی جو کہ میونسپلٹی کی طرف سے ہو، مستثنی' ہیں۔

4 وہ کاروباری حضرات جو "اینڈ آف لائف وہیکل" کے قانون کے مطابق وہیکل اکھٹے کرتے ہیں وہ اس قانون سے مستثنی' ہیں۔

5 وہ اقدامات جو استعمال شدہ ڈیلرز کی طرف سے بیچنے والے کی شناخت کریں وہ "سیکنڈ ہینڈ آرٹیکل ڈیلرز آکٹ شق 15 دفعہ1 کے تحت مستثنی' ہیں۔

6 وہ کام جو حساب کتاب یا الیکٹرنک ریکارڈ میں ہو وہ اس قانون کے مطابق شق 16،"سیکنڈ ہینڈ آٹیکل ڈیلرز آیکٹ" سے مستثنی' ہیں۔

## رابطہ

- سایتاما پریفکچرپولیس کا مرکزی دفترشعبہ کمینٹی سیفٹی

TEL: 048-832-0110

- قریبی پولیس اسٹیشن کا "کمیونٹی سیفٹی سکشن"

- سایتاما پریفکچرپولیس کا ویب سائٹ

https://www.police.pref.saitama.lg.jp